عزیز فراہم کنندہ:

درجہ اول کے معاوضے کے حصول کے لئے یا اگر آپ چاہیں امریکی محکمۂ زراعت یو ایس ڈی اے (USDA) کے خوراک پروگرام برائے نگہداشتِ اطفال و بالغان (CACFP) کے تحت خود اپنے بچوں کو فراہم کردہ خوراک کا معاوضہ وصول کرنے کے لئے آپ کو چاہیئے کہ فارم برائے استفادۂ طعام پُر کر کے ہمیں واپس کریں۔

## درجہ اول کی دوران نگہداشت گاہ کی حیثیت سے استحقاق کا تعین:

آپ کے دورانِ دن خاندانی نگہداشت گاہ میں اندراج شدہ بچوں کو فراہم کردہ خوار کوں کے درجہ اول کے معاوضے کے استحقاق کی غرض سے آپ کو چاہیئے کہ:

- اسکول کے اندراج یا مردم شماری کے اعداد و شمار سے متعین شدہ معاشی ضرورت مندی کے علاقے میں واقع ہوں؛

یا

- فارم برائے استفادۂ طعام کے ذریعے انفرادی معاشی ضرورت کا تعین کریں۔

ہمارا دفتر آپ کی طرف سے فارم برائے استفادۂ طعام پر دی گئی معلومات کی بنیاد پر درجہ اول کی نگہداشت کی حیثیت سے آپ کے استحقاق کا تعین کریگا۔

انفرادی معاشی ضروریات کے تحت درجہ اول کے معاوضے کے استحقاق کے لئے آپ کو چاہیئے کہ:

- مکمل اور دستخط شدہ فارم برائے استفادۂ طعام داخل کریں؛
- یہ یقینی بنائیں کہ آپ پورے خاندان کی آمدنی دکھا رہے ہیں نہ کہ صرف دورانِ دن خاندانی نگہداشت گاہ کی تجارتی آمدنی؛
- انفرادی معاشی ضرورت کی بنیاد پر اپنے استحقاق کے تعین کے لئے اطمنان بخش دستاویزی ثبوت فراہم کریں؛اور
- یہ واضح کرتے ہوئے کہ آپ درجہ اول کی مراعات کی درخواست کرنے والے دورانِ دن نگہداشت گاہ کے فراہم کنندہ ہیں سیکشن نمبر 5 میں بنے خانے میں نشان لگائیں۔

ہمیں ایک قانونی شرط کے طور پر آپ کے فارم برائے استفادۂ طعام پر آمدنی سے متعلق درج معلومات کی تصدیق کرنی پڑتی ہے۔ براہِ کرم اپنے مکمل شدہ فارم برائے استفادۂ طعام کے ساتھ آمدنی کے دستاویزات منسلک کریں۔ اگر آپ نے گذشتہ سال دورانِ دن کوئی نگہداشت گاہ چلائی ہو تو آپ بشمول شیڈیول سی اپنے حالیہ ترین ٹیکس کی ایک کاپی منسلک کریں۔ آمدنی سے متعلق کاغذات میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہونی چاہئیں:

- بشمول آپ کی بیوی / آپ کے شوہر، خاندان کے تمام افراد کو با تنخواہ کام سے حاصل ہونے والی آمدنی کی تفصیل؛
- حالیہ ترین ٹیکس ریٹرن فارم کی ایک کاپی جس سے آپ کی صحیح آمدنی کا پتہ چلے؛
- تمام افراد خاندان کے لئے ان کی آمدنی کی تفصیل؛یا
- گذشتہ ماہ میں آپ کے خاندان کی مجموعی آمدنی کا ثبوت اس ماہ کی آمدنی و خرچ کی تفصیل کے ہمراہ۔

## آپ کے اپنے بچوں کو فراہم کردہ خوراکوں کے لئے معاوضہ کے استحقاق کا تعین:

اگر آپ خود اپنے بچوں کو فراہم کردہ خوار کوں کا معاوضہ وصول کرنا چاہتے ہوں تو آپ فارم برائے استفادۂ طعام پُر کر کے اس پر دستخط کرنا چاہیئے۔ اگر آپ کسی معاشی ضرورت کے تحت آنے والے علاقے میں بھی رہتے ہیں تو بھی آپ کو خود اپنے خوراکوں کی فراہمی کے مطالبے کے لئے سی اے سی ایف پی (CACFP) کے ضوابط کے تحت فارم پُر کرنا ہوگا۔ ہمارا دفتر آمدنی سے متعلق آپ کی پیش کردہ معلومات کی تصدیق کر سکتا ہے لیکن اس حالت میں ہم سے اس کا مطالبہ نہیں کیا جاتا۔ ایسی صورت میں آپ اس وقت تک آمدنی سے متعلق دستاویزات نہ جمع کریں جب تک ہم خاص طور پر آپ سے ایسا کرنے کے لئے نہ کہیں۔

اگر آپ انفرادی ضرورت مندی کے تحت آنے والے علاقے میں نہیں رہتے اور فارم پُر کرنا نہیں چاہتے یا آپ مفت یا کم قیمت خوار کوں کے مستحق نہیں ہیں تو آپ کو آپ کے دورانِ دن نگہداشت میں اندراج شدہ بچوں کو فراہم کردہ خوار کوں کے لئے درجۂ دوم کا معاوضہ دیا جائیگا۔ تاہم اگر نفرادی ضرورت مندی کے علاقے میں آپ کے گھر کے واقع ہونے کی بنا پر درجہ اول کی دورانِ دن نگہداشت گاہوں کے زمرے میں آپ کا شمار ہو چکا ہے تو آپ کو اس وقت تک یہ فارم نہیں پُر کرنا ہے جب تک کہ آپ خود اپنے بچوں کو فراہم کردہ طعام کے لئے معاوضہ حاصل نہ کرنا چاہیں۔ اگر آپ کو اس کا علم نہیں ہے کہ آپ معاشی ضرورت کے علاقے میں رہتے ہیں یا نہیں تو براہِ کرم اپنی کفالتی تنظیم سے رابطہ کریں۔

**تمام خاندانوں کے لئے:**

یوایس ڈی اے(USDA) خاندان کی تعریف مربوط یا غیر مربوط افراد کے ایک مجموعے کی حیثیت سے کرتا ہے (جو کسی اقامت گاہ یا ادارے میں رہائش پذیر افراد نہ ہوں) جو ایک معاشی وحدت کے طور پر اس میں رہتے ہوں (یعنی اخراجات زندگی میں ایک دوسرے کے ساتھ شریک ہوں)۔ اس لئے فارم برائے استفادۂ طعام پر درج آمدنی میں آپ کے افرادِ خاندان کی اصل مجموعی آمدنی شامل کی جانی چاہیئے۔

آپ کی طرف سے درج کی جانے والی آمدنی ہر فردِ خاندان کی گذشتہ ماہ کی اصل آمدنی کا مجموعہ ہونی چاہیئے۔ اگر گذشتہ ماہ کی تنخواہ سے آپ کے حالات کی صحیح عکاسی نہیں ہوتی تو آپ اپنی ماہانہ آمدنی کی ایک مفصل فہرست دے سکتے ہیں۔ اگر اس دوران کوئی نمایاں تبدیلی واقع نہیں ہوئی ہے تو اس فہرست کو تیار کرنے میں آپ گذشتہ ماہ کی آمدنی کو بنیاد بنا سکتے ہیں۔ اگر آپ کے خاندان کی آمدنی منسلک چارٹ پر دکھائی گئی آپ کے افرادِ خاندان کی تعداد اور کے برابر یا اس سے کم ہے تو آپ کو اونچی سطح کا معاوضہ دیا جائیگا۔

اگر دورانِ سال آپ کی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے تو اس کی اطلاع آپ کو ہمیں دینی ہوگی۔ افرادِ خاندان کی تعداد میں کمی یا آمدنی میں اضافہ جو 50ڈالر ماہانہ یا 600ڈالر سالانہ سے متجاوز ہو اس کی اطلاع دی جانی چاہیئے۔ اگر آپ نے مراعات کا ثبوت فراہم کیا ہو اور کسی حالیہ فوڈ اسٹامپ، ضرورت مند خاندانوں کے لئے عارضی امداد ٹی اے این ایف (TANF) یا انڈین تحفظات پر تقسیم خوراک پروگرام ایف ڈی پی آئی آر (FDPIR) کا کیس نمبر درج کیا ہو تو ان مراعات کو مزید نہ پاتے رہنے کی صورت میں آپ ہمیں مطلع کریں۔ اگر آپ بے روزگار ہو جائیں اور بے روزگاری کی مدت میں آمدنی کے نقصان کے نتیجے میں آپ کے خاندان کی آمدنی استحقاق کے معیار کے اندر آجائے تو بھی ہمیں اطلاع دینی چاہیئے۔

**فارم برائے استفادۂ طعام پر دی گئی معلومات کی رازداری:**

فارم پر دی گئی معلومات کو ہم اس بات کے تعین کے لئے استعمال کریں گے کہ آیا آپ اول درجہ کے معاوضے کا استحقاق رکھتے ہیں یا یہ کہ آپ خود اپنے بچوں کو فراہم کردہ خوار کوں کا معاوضہ طلب کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں۔ ہم آپ کے فارم پر درج معلومات کو دیگر تغذیۂ اطفال، صحت و تعلیم کے پروگراموں کے ذمہ داران کو دے سکتے ہیں تاکہ ان پروگراموں کے لئے مراعات کا تعین کیا جا سکے۔

**پروگرام سے امتیاز برتنے کے متعلق قانون:**

امریکی محکمۂ زراعت یو ایس ڈی اے (USDA) نسل، رنگ، قومیت، جنس، عمر یا معذوری کی بنیاد پر اپنے تمام پروگراموں اور سرگرمیوں میں امتیازی سلوک کو ممنوع قرار دیتا ہے۔ معذوری سے متاثر وہ افراد جنہیں پروگرام سے متعلق معلومات کی ترسیل کے لئے متبادل ذرائع درکار ہوں (بریل، جلی طباعت، آڈیو ٹیپ) انہیں یو ایس ڈی اے (USDA) کے ٹارگیٹ (TARGET) مرکز سے 2600-720 (202) (آواز اور ٹی ڈی ڈی) پر رابطہ کرنا چاہیئے۔

کسی امتیازی سلوک کی شکایت داخل کرنے کے لئے USDA, Director, Office of Civil Rights, Room 326-W, Whitten Building, 14th and Independence Avenue, SW, Washington, D.C. 20250-9410 کے پتے پر لکھیں یا 5964-720 (202) (آواز اور ٹی ڈی ڈی) پر فون کریں۔ یو ایس ڈی اے (USDA) یکساں مواقع فراہم کنندہ اور آجر ہے۔

آپ کے تعاون کا شکریہ۔

مخلص

---

کفالتی تنظیم کے نمائندہ کا دستخط تاریخ